| | | | |
|---|---|---|---|
| تیسری سہ ماہی | جماعت: پنجم | مضمون: اسلامیات | سبقی منصوبہ بندی: 1 |
| اُستاد کا نام: ______ | ہفتہ: 10 | تاریخ: ______ | وقت: 40 منٹ |

| | |
|---|---|
| باب ہفتم: اسلامی تعلیمات اور عصرِ حاضر کے تقاضے | سبق کا نام: پودوں اور درختوں کی اہمیت |

**حاصلاتِ تعلم:**

**اس سبق کو پڑھنے کے بعد طلبہ اس قابل ہو جائیں گے کہ وہ:**

- پودوں اور درختوں کی حفاظت اور استعمال کے حوالے سے اسلامی تعلیمات پر عمل کر سکیں۔
- ماحولیاتی تبدیلی میں پودوں اور درختوں کے کردار کے حوالے سے اپنی ذمہ داریوں کا جائزہ لے سکیں۔

**تدریسی معاونات:**

تختہ تحریر، چاک/بورڈ، مارکر۔ اسلامیات کی کتاب

**سبق کا تعارف:** 5 منٹ

تختہ تحریر پر سبق کا عنوان لکھیں۔ طلبہ کو بتائیں درختوں اور پودوں سے ہم انسانوں کا تعلق بہت گہرا ہے۔ ہم سب پودوں کی اہمیت سے آگاہ ہیں درختوں سے محبت، زندگی سے محبت ہے۔

**طریقہ تدریس:** 25 منٹ

- سبق کے آغاز میں طلبہ کو بسم اللہ الرحمن الرحیم اور علم میں اضافے کی دعا پڑھنے کی تلقین کریں۔
- طلبہ کو صفحہ نمبر ۸۷ سے متن کی پڑھائی کروائیں۔
- طلبہ کو بتائیں قرآنِ مجید میں درختوں اور نباتات کے نظام کو اللہ نے اپنی رحمت قرار دیا ہے، چنانچہ ایک جگہ آسمان سے برسائے جانے والا پانی اور اس کے فوائد پر روشنی ڈالتے ہوئے فرمایا: ترجمہ: وہی (خدا) ہے جو تمہارے فائدہ کے لئے آسمان سے پانی برساتا ہے جسے تم پیتے بھی ہو اور اس سے اُگے ہوئے درختوں کو تم اپنے جانوروں کو چراتے ہو، اس سے وہ تمہارے لئے کھیتی اور زیتون اور کھجور اور انگور اور ہر قسم کے پھل اگاتا ہے، بیشک ان لوگوں کے لئے تو اس میں نشانی ہے جو غور و فکر کرتے ہیں۔ حضرت محمد مصطفیٰ خاتم النبیین ﷺ نے شجر کاری کو فروغ دینے کے لیے ایمان والوں پر شجر کاری کو صدقہ قرار دیا ہے۔ آپ خاتم النبیین ﷺ نے فرمایا: ''جو مسلمان درخت لگائے یا فصل بوئے پھر اس میں سے جو پرندہ یا انسان یا چوپایا کھائے تو وہ اس کی طرف سے صدقہ شمار ہوگا۔'' (صحیح البخاری)

- طلبہ کو تاکید کریں کہ ایسے درخت لگائے جائیں جو ماحولیات کو بہتر بنائیں۔
- شجرکاری کو دینی فرض سمجھتے ہوئے پورا سال شجرکاری جاری رکھیں۔ زیادہ درخت لگانا آنے والی نسلوں پر احسان کرنے کے مترادف ہے۔

**اعادہ:** **2منٹ**

پڑھائے گئے سبق کو مختصراً دُہرائیں۔

**جائزہ:** **6منٹ**

طلبہ سے مشق کے سوالات کے جوابات حل کروائیں۔

**گھر کا کام:** **2منٹ**

پڑھائے گئے سبق کی گھر میں دہرائی کریں۔

| سبقی منصوبہ بندی:2 | مضمون:اسلامیات | جماعت:پنجم | تیسری سہ ماہی |
|---|---|---|---|
| وقت:40منٹ | تاریخ:______ | ہفتہ:10 | اُستاد کا نام:______ |

| سبق کا نام: حضرت عیسیٰ علیہ السلام، حضرت علی المرتضیٰ کرم اللہ وجہ | باب ششم: ہدایت کے سر چشمے اور مشاہیرِ اسلام |
|---|---|

**حاصلاتِ تعلم:**

**اس سبق کو پڑھنے کے بعد طلبہ اس قابل ہو جائیں گے کہ وہ:**

- تمام اسباق کی دہرائی کریں۔

**تدریسی معاونات:**

اسلامیات کی کتاب۔ ورک شیٹ

**طریقہ تدریس:** 5منٹ

- سبق کے آغاز میں طلبہ کو بسم اللہ الرحمن الرحیم اور علم میں اضافے کی دعا پڑھنے کی تلقین کریں۔
- طلبہ کو سبق حضرت عیسیٰ علیہ السلام، حضرت علی المرتضیٰ کرم اللہ وجہ کی دہرائی کروائیں۔
- طلبہ کو ورک شیٹ دیں اور ہدایت دیں کہ دیے گئے وقت کے مطابق ورک شیٹ کو مکمل کریں۔
- طلبہ کے سامنے ورک شیٹ کو بآوازِ بلند پڑھیں اور انھیں ہدایت دیں کہ ہر سوال کو غور سے پڑھ اور سمجھ کر جواب دیں۔

**اعادہ:** 15منٹ

ورک شیٹ وقت پر مکمل کرنے والے طلبہ کی حوصلہ افزائی کریں۔ ورک شیٹ کو طلبہ کے سامنے چیک کریں اور غلطیوں کی اصلاح کریں۔

**جائزہ:**

N/A

**گھر کا کام:**

N/A

| 20منٹ | ورک شیٹ |
| --- | --- |

## سوال: خالی جگہ پُر کریں۔

۱ حضرت عیسیٰ علیہ السلام کو ______ کی طرف نبی بنا کر بھیجا گیا۔

۲ حضرت جبریل علیہ السلام نے حضرت مریم علیہا السلام کو ______ کی بشارت دی۔

۳ حضرت عیسیٰ علیہ السلام ______ کے مریضوں کو اللہ تعالیٰ کے حکم سے شفایاب کرتے تھے۔

۴ حضرت عیسیٰ علیہ السلام ______ کے اُمّتی کی حیثیت سے زمین پر آئیں گے۔

## سوال2: سوالات کے مختصر جوابات لکھیں۔

۱۔ حضرت عیسیٰ علیہ السلام کی ولادت کب اور کہاں ہوئی؟

جواب: ______________________________

______________________________

۲۔ حضرت عیسیٰ علیہ السلام کو کون کون سے انعامات ملے؟

جواب: ______________________________

______________________________

۳۔ حضرت علی کرم اللہ وجہ کے خاندان کے بارے میں آپ کیا جانتے ہیں؟

جواب: ______________________________

______________________________

۴۔ آیت مباہلہ کب نازل ہوئی؟

جواب: ______________________________

______________________________

۵۔ حضرت علی کرم اللہ وجہ کی علمی فضیلت کی کوئی مثال پیش کریں۔

جواب: ______________________________

______________________________

| | | | |
|---|---|---|---|
| تیسری سہ ماہی | جماعت: پنجم | مضمون: اسلامیات | سبقی منصوبہ بندی: 3 |
| اُستاد کا نام: ________ | ہفتہ: 10 | تاریخ: ________ | وقت: 40 منٹ |

| | |
|---|---|
| باب ششم: ہدایت کے سر چشمے اور مشاہیر اسلام<br>باب ہفتم: اسلامی تعلیمات اور عصر حاضر کے تقاضے | سبق کا نام: صوفیائے کرام رحمتہ اللہ تعالیٰ علیہم حادثات سے بچنے کی تدابیر، پودوں اور درختوں کی اہمیت |

**حاصلاتِ تعلم:**

**اس سبق کو پڑھنے کے بعد طلبہ اس قابل ہو جائیں گے کہ وہ:**

- تمام اسباق کی دہرائی کر سکیں۔

**تدریسی معاونات:**

اسلامیات کی کتاب۔ ورک شیٹ

**طریقہ تدریس:** 5 منٹ

- سبق کے آغاز میں طلبہ کو بسم اللہ الرحمن الرحیم اور علم میں اضافے کی دعا پڑھنے کی تلقین کریں۔
- طلبہ کو سبق صوفیائے کرام رحمتہ اللہ تعالیٰ علیہم حادثات سے بچنے کی تدابیر، پودوں اور درختوں کی اہمیت کی دہرائی کروائیں۔
- طلبہ کو ورک شیٹ دیں اور ہدایت دیں کہ دیے گئے وقت کے مطابق ورک شیٹ کو مکمل کریں۔
- طلبہ کے سامنے ورک شیٹ کو باآواز بلند پڑھیں اور انھیں ہدایت دیں کہ ہر سوال کو غور سے پڑھ اور سمجھ کر جواب دیں۔

**اعادہ:** 15 منٹ

ورک شیٹ وقت پر مکمل کرنے والے طلبہ کی حوصلہ افزائی کریں۔ ورک شیٹ کو طلبہ کے سامنے چیک کریں اور غلطیوں کی اصلاح کریں۔

**جائزہ:**

N/A

**گھر کا کام:**

N/A

# ورک شیٹ (ہوم ورک)

سوال 1: کالم الف کو کالم ب سے ملایئے۔

| کالم (الف) | کالم (ب) |
|---|---|
| شیخ عبدالقادر جیلانی رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ | خیر پور |
| مولانا جلال الدین رومی رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ | تصوّف |
| حضرت داتا گنج بخش رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ | لاہور |
| سیّد محمد راشد شاہ رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ | مثنوی |
| ترکِ دُنیاداری | غُنْیَۃُ الطَّالبین |

سوال 2: حضرت شیخ عبدالقادر جیلانی رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ کے حالات زندگی پر نوٹ لکھیں۔

جواب: ______________________________

______________________________

______________________________

سوال 3: ٹریفک حادثات سے کیسے بچا جا سکتا ہے؟

جواب: ______________________________

______________________________

______________________________

سوال 4: درختوں کو زمین کے پھیپھڑے کیوں کہا گیا ہے؟

جواب: ______________________________

______________________________

______________________________